چند آنسو

والدۂ مرحومہ کی یاد میں

غمِ جاوداں

از جہاں اے مہربانم رفتۂ — جسم بے جاں کردہ جانم رفتۂ

گلستاں ویران و گلہا سوگوار — بلبلِ شیریں زبانم رفتۂ

زندگی بے منزل و بے مدعا — حیف امیرِ کاروانم رفتۂ

از کجا آرم دوائے دردِ دل — چارہ ساز و غمگسارم رفتۂ

کشتیم در بحرِ غم انداختہ — تو چرا اے پاسبانم رفتۂ

خاکِ پائے تو مرا خاکِ شفا — اے مسیحائے زمانم رفتۂ

صد جہانِ آرزو ہمراہِ تو — تو نہ تنہا جانِ جانم رفتۂ

بے کس و تنہا مرا بگذاشتہ — مادرِ قدسی صفاتم رفتۂ

جاں بلب آمد سراجِ بے نوا
تو کجا روحِ روانم رفتۂ

داستانِ غم

آہ! سُونا ہوگیا سارا جہاں تیرے بغیر
بے مزہ ہے زندگی کی داستاں تیرے بغیر

اب نہ وہ گل ہیں نہ وہ بلبل نہ وہ فصلِ بہار
ہوگیا ویراں یہ سارا گلستاں تیرے بغیر

لُٹ گئی دنیا سکوں کی جا چکے صبر و قرار
کون ہے اب باعثِ تسکینِ جاں تیرے بغیر

جاں گُسل ہے کس قدر تیری جدائی کا ملال
چھا رہی ہیں زیست پر مایوسیاں تیرے بغیر

تیری فرقت اِک مسلسل کرب اِک پیہم عذاب
ہوگیا ہے ہر نفس بارِگراں تیرے بغیر

ہر نفس آزار، ہر لمحہ قیامت، الاماں
موت سے بدتر حیاتِ جاوداں تیرے بغیر

جس کو حاصل تھا ترے قدموں کی جنّت کا شرف
ہیچ ہے اس کے لئے باغِ جناں تیرے بغیر

ہوگئی تذرِ خزاں اب زندگانی کی بہار
ہر کلی ہے اس چمن کی نوحہ خواں تیرے بغیر

ساتھ تیرے رونقِ ارض و سما جاتی رہی
ہر طرف ہیں موت کی خاموشیاں تیرے بغیر

تو نے اپنے خون سے سینچا تھا جو باغِ اُمید
ہو رہا ہے آج وہ نذرِ خزاں تیرے بغیر

اب کہاں منزل کہ میرِ کارواں جاتا رہا
لُٹ رہا ہے حسرتوں کا کارواں تیرے بغیر

غم کے طوفاں اُٹھ رہے ہیں لے خبر اے ناخدا
ڈُوبتی ہے کشتئ عُمرِ رواں تیرے بغیر

جس کو اِک لمحہ جُدائی کا تھا تیری ناگوار
جی رہا ہے وہ بصد آہ و فغاں تیرے بغیر.

تیری تُربت پر سدا انوار کی بارش رہے
یہ دُعائے خیر ہے وردِ زباں تیرے بغیر

الوداع اے مادرِ قدسی صفاتم الوداع

الوداع اے چارہ ساز و غمگسارم الوداع

سوگوار

میر سراج الدین علیخاں

بی۔ اے (عثمانیہ)

۱۳۶۹ ہجری

شمس الاسلام پریس